# کیڈٹ کالج کلر کہار

# کہارین گرلز کیڈٹ کالج کلر کہار

**وقت:60منٹ** | **امتحان داخلہ۔ سالِ اول 2023ء** | **کل نمبر:50**

**(پرچہ: اردو / اسلامیات)**

**سوال نمبر1: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیں۔** (10)

1۔ دور حاضر کے تعلیمی مسائل اور ان کا حل

2۔ موبائل کے انسانی زندگی پر مضر اثرات

**سوال نمبر2: درج ذیل شعر کی تشریح کریں۔** (5)

یہ جہاد اللہ کے رستے میں بے تیغ و سپر!

ہے جسارت آفریں شوق شہادت کس قدر!

**سوال نمبر3: درج ذیل محاورات کو جملوں میں استعمال کریں۔** (5)

حشر برپا کرنا۔ خدا لگتی کہنا۔ دانت کھٹے کرنا۔ رائی کا پہاڑ بنانا۔ زبان زدعام ہونا۔ عید کا چاند ہونا۔

**سوال نمبر4: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تحریر کریں۔** (10)

1۔ استعارہ اور تشبیہ میں فرق بتائیں۔

2۔ مرکب تام اور مرکب ناقص سے کیا مراد ہے؟

3۔ غزل کس اعتبار سے نظم سے مختلف ہوتی ہے؟

4۔ مضمون کی تعریف کریں اور اس کی اقسام تحریر کریں۔

5۔ مجاز مرسل سے کیا مراد ہے؟

**سوال نمبر5: درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔** (10)

مادر ملت فاطمہ جناح مرحومہ، پاکستان کی بانی نہیں تو قائداعظم کی دست راز ست اور جانثار بہن ہونے کے ساتھ ساتھ جنگ آزادی کے ہراول دستے میں خواتین کی رہنما بہر حال تھیں۔ بلند کردار، جفاکش بہن گھر کی چاردیواری میں عظیم بھائی کی محافظ و نگہبان، ذہنی سکون اور کار سیاست و قیادت میں معاون، میدان عمل میں مسلم خواتین کے لیے نشان عزم و استقلال، جہاد حریت کے ہر معاملے میں انہیں بھائی کا آئینہ دیکھا گیا۔ وہی خلوص و جفاکشی، ملت پر قربان اور اصولوں پر ثابت قدمی۔ لوگ ان سے محبت بھی کرتے تھے اور ان کے ادب و احترام میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ ہونے دیتے تھے۔

**سوالات:**

1۔ بانی سے کیا مراد ہے پاکستان کا بانی کون ہے؟

2۔ دست راست اور ہراول دستے سے کیا مراد ہے؟

3۔ پاکستان بننے میں فاطمہ جناح کا کیا کردار ہے؟

4۔ فاطمہ علی جناح کی شخصیت کے نمایاں پہلو بیان کریں؟

5۔ عبارت کا مرکزی خیال بیان کریں۔

**سوال نمبر6: (الف) روزہ انسانی زندگی میں کس طرح تقوی پیدا کرتا ہے؟** (5)

**(ب) "نماز دین کا ستون ہے" وضاحت کریں۔** (5)